# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 06 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 06/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مراٹھی زبان کے سبب ملک کا ثقافتی تنوع مزید مالدار ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم کا بیان۔

☆ ممبئی، تھانے اور واشم میں مختلف ترقیاتی کاموں کو وزیر اعظم نے کیا عوام کے نام وقف۔

☆ دستور کی حفاظت کی خاطر 50 / فیصد ریزرویشن کی حد ختم کرانے کا رکن پارلیمان راہل گاندھی کا تیقن۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں آج وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے استفادہ کنندگان کے اعزاز اور ریاست گیر مختلف اسکیمات کے افتتاح کے لئے تقریب۔

☆ مرکزی تفتیشی ایجنسی NIA اور ریاست کے دہشت گردی مخالف دستے ATS کی چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ میں کاروائی، تین افراد گرفتار

اور۔۔۔☆ خواتین کے ٹی ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ مقابلوں میں آج بھارت اور پاکستان کا میچ۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مراٹھی زبان کے سبب ملک کا ثقافتی تنوع مزید مالدار ہو رہا ہے۔ مراٹھی کو اشرافیہ کے درجہ دیئے جانے پر وزیر اعظم کا کل ممبئی میں استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے یہ بات کہی۔ وزیر اعظم کو پیٹھنی شال، مراٹھی زبان کا نشان، سنت گیانیشور کی تصویر اور شاعرہ کُسما گراج کا شعری مجموعہ دے کر شکریہ ادا کیا گیا۔ جواب میں وزیر اعظم نے کہا کہ مراٹھی زبان کو یہ اعزاز تاج پوشی کے 350 رویں برس پر پوری قوم کی جانب سے چھترپتی شیواجی مہاراج کو خراج عقیدت ہے۔

***** **** *****

وزیر اعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ مراٹھی زبان ساری دنیا میں پہنچنی چاہئے۔ انہوں نے بتایا کہ مراٹھی کو اشرافیہ کا درجہ ملنے پر اب اس زبان میں تحقیق اور تعلیم کا حجم بڑھے گا۔ اس پروگرام میں سینئر گلوکارہ آشا بھوسلے، مصنف سدانند مورے، سینئر اداکار سچن پیلگاؤنکر اور دیگر معززین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اسی بیچ کل تھانے اور ممبئی میں 32/ ہزار 800 کروڑ روپیوں کے مختلف شہری ترقیاتی منصوبوں کا وزیر اعظم نے افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اس میں ممبئی میٹرو ریلوے کے آرے تا باندرہ کرلا کامپلیکس کی زیر زمین ریلوے لائن کا افتتاح شامل ہے۔ تھانے میٹرو ریل پروجیکٹ اور نئی ممبئی میں طیرانگاہ کے اثر والے علاقے کی ترقی کی خاطر نینا پروجیکٹ کا سنگ بنیاد بھی کل وزیر اعظم کے ہاتھوں رکھا گیا۔

اسی طرح انہوں نے کل واشم ضلع کے پوہرادیوی میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان، حیوانات اور دودھ کی ترقی کے مرکزی وزیر راجیو رنجن چودھری، آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو، گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزراء اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار سمیت کئی معززین اس موقع پر موجود تھے۔اپنی تقریر میں وزیراعظم نے کہا کہ مہاراشٹر میں معاشی سطح پر ملک کی قیادت کرنے کی لامحدود صلاحیت موجود ہے۔انہوں نے سبھی سے ترقی یافتہ بھارت اور ترقی یافتہ مہاراشٹر کے لیے مل کر کام کرنے کی اپیل کی انہوں نے کہا: ---وائس کاسٹ---

مودی نے کل وزیراعظم کسان سمان فنڈ کی 18 رویں قسط اور وزیراعظم نمو کسان مہا تمان فنڈ اسکیم کی 5 رویں قسط تقسیم کی۔انہوں نے زرعی Infrastructure Fund کے تحت 1920 کروڑ روپیوں کے ساڑھے سات ہزار سے زائد منصوبوں کو قوم کے نام وقف کیا۔اس موقع پر وزیراعظم کے ہاتھوں وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت ضرورت مند خواتین میں نمائندوں کے طور پر امداد کے چیکس تقسیم کئے گئے۔

***** **** *****

وزیراعظم مودی نے کل دن کے وقت زراعت کو بجلی فراہمی کی خاطر 16 ہزار میگاواٹ صلاحیت کے دنیا کے سب سے بڑے غیر مرکزی شمسی توانائی پیدا کرنے والے پروجیکٹ کے پہلے 5 منصوبوں کا افتتاح کیا۔یہ شمسی توانائی کے منصوبے چھترپتی سمبھاجی نگر، ناندیڑ، آکولہ، بلڈھانہ اور کولہاپور اضلاع میں واقع ہے۔پروجیکٹس کے قیام میں مدد کرنے پر وزیراعظم کے ذریعے 411 گرام پنچایتوں کو 20 کروڑ 55 لاکھ روپیوں کا ترقیاتی فنڈ فراہم کیا گیا۔

وزیراعظم کے ہاتھوں کل پوہرادیوی کے بنجارہ ہیریٹیج میوزیم کا افتتاح عمل میں آیا۔اس 4 منزلہ عجائب گھر میں 13 نمائشیں موجود ہیں جو بنجارہ سماج کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔

***** **** *****

شاہراؤں اور مال برداری کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کی موجودگی میں کل ناگپور میں بنائے گئے ڈبل ڈیکر فلائی اوور کا افتتاح عمل میں آیا ۔اس موقع پر گڈکری نے بتایا کہ یہ ایشیاء کا پہلا ڈبل ڈیکر فلائے اوور ہے جس پر 4 رسطحی ٹریک ہے۔

***** **** *****

لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی نے اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ اگر آئین کو بچانا ہے تو 50 فیصد ریزرویشن کی حد کو ختم کرنا ہوگا۔موصوف کل کولہاپور میں دستور کا احترام نامی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے تیقن دیا کہ انڈیا اتحاد ریزرویشن کی اس حد کو ہٹائے گی اور پارلیمنٹ میں ذات کے مطابق مردم شماری کا قانون بھی منظور کروائے گی۔راہل گاندھی کے ہاتھوں کل کولہاپور کے کسبہ باوڑا میں شیواجی مہاراج کے مجسمے کی نقاب کشائی عمل میں آئی۔

اسی بیچ راہل گاندھی کو پونے کی ایک خصوصی عدالت نے مبینہ طور پر ویرساورکر کے تعلق سے لندن میں متنازعہ بیان دینے پر سمن جاری کیا ہے۔انہیں آئندہ 23 راکتوبر کو عدالت میں حاضر رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔

***** **** *****

خواتین کو بااختیار بنانے کی وزیراعلیٰ کی مہم کے تحت آج چھترپتی سمبھاجی نگر میں وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم سے مستفید ہونے والی خواتین کے اعزاز میں اور مختلف فلاحی اسکیمات کے افتتاح کے لئے تقریب کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے ان خواتین سے اس پروگرام میں شرکت کرنے کی اپیل کی ہے۔ یہ پروگرام شہر کے کھڑکیشور علاقے میں واقع سانسکرتک منڈل میدان پر دوپہر دیڑھ بجے شروع ہوگا۔

اسی بیچ وزیراعلیٰ تیرتھ درشن اسکیم کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر سے آج 800 عقیدتمندوں کا پہلا گروہ ریلوے کے ذریعے ایودھیا روانہ ہورہا ہے۔ اسی طرح ناندیڑ سے 12 ؍اکتوبر کو سینئر شہریوں کو لے کر پہلا گروپ ایودھیا کے لئے روانہ ہوگا۔

***** **** *****

مرکزی جانچ ایجنسی NIA اور ریاست کے دہشت گردی مخالف دستے ATS نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور مالیگاؤں میں چھاپے مار کر 4 ؍افراد کو گرفتار کیا ہے۔ یہ کاروائی دہشت گرد تنظیموں سے تعلق اور دہشت گردی کی کاروائیوں میں شرکت کے الزام میں کی گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ چھترپتی سمبھاجی نگر کے کراڑ پورہ علاقے سے ایک، N-6 Cidco سے ایک اور جالنہ کے چمڑا بازار سے ایک نوجوان کو حراست میں لیا گیا ہے۔

***** **** *****

موسم باراں، مانسون ریاست سے واپسی کے سفر پر ہے۔ گذشتہ روز نا ندربار ضلع میں موسمی بارش ختم ہوگئی۔ محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلے ہفتے مہاراشٹر کے باقی حصوں میں بھی موسمی بارش مکمل طور پر ختم ہوجائے گی۔

***** **** *****

ناندیڑ کے کلکٹر ابھجیت راؤت نے تیقن دیا ہے کہ شری شیتر ماہور میں اسکائے واک اور لفٹ کے کاموں میں تیزی لائی جائے گی اور اسے جلد مکمل کیا جائے گا۔ اس کام پر 51 ؍کروڑ روپئے خرچ کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ مندر کے علاقے میں سڑکوں کی تعمیر اور دیگر سہولیات کی فراہمی کی جارہی ہے۔

***** **** *****

نوراتری کے تہوار کے دوران تلجاپور آنے والے عقیدت مندوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے ریاست کے وزیر صحت تاناجی ساونت کی پہل پر صحت کیمپس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ یہ کیمپس 3 مقامات پر آئندہ 18 اکتوبر تک جاری رہیں گے۔ شہر کو جانے والی سڑکوں پر صحت خدمات کی 19 ؍ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ ان میں 13 ایمبولنس اور 15 آرگیہ دوت کے دستے شامل ہے۔

***** **** *****

متحدہ عرب امارات میں جاری خواتین ٹی ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ مقابلوں میں آج پاکستان اور بھارت کا میچ ہورہا ہے۔ یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ کل اس ٹورنامنٹ میں آسٹریلیاء، سری لنکا، انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان میچس کھیلے گئے۔

اسی بیچ بھارت اور بنگلہ دیش کی مردوں کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان 3 ؍میچوں کی ٹی ٹوینٹی کرکٹ سیریز کا آج سے آغاز ہورہا ہے۔ یہ میچ مدھیہ پردیش کے گوالیار میں شام 7 ؍بجے شروع ہوگا۔

رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے بتایا کہ کرشنا ندی کی وادی سے 7TMC پانی دسمبر کے اخیر تک دھاراشیو ضلع میں پہنچ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ضلع کا حق ہے۔ موصوف کل تلجاپور تعلقے کے سندھ پھل میں نامہ نگاروں سے بات کر رہے تھے۔

***** **** *****

قومی صفائی ملازمین کمیشن کے رکن ڈاکٹر پی پی واوانے پربھنی ضلع کے صفائی ملازمین کی مفت صحت جانچ کرنے کی ہدایت دی ہے ضلع کلکٹر کی جانب سے منعقدہ میٹنگ میں وہ کل بول رہے تھے۔

***** **** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مراٹھی زبان کے سبب ملک کا ثقافتی تنوع مزید مالدار ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم کا بیان۔

☆ ممبئی، تھانے اور واشم میں مختلف ترقیاتی کاموں کو وزیر اعظم نے کیا عوام کے نام وقف۔

☆ دستور کی حفاظت کی خاطر 50 ؍فیصد ریزرویشن کی حد ختم کرانے کا رکن پارلیمان راہل گاندھی کا تیقن۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں آج وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے استفادہ کنندگان کے اعزاز اور ریاست گیر مختلف اسکیمات کے افتتاح کے لئے تقریب۔

☆ مرکزی تفتیشی ایجنسی NIA اور ریاست کے دہشت گردی مخالف دستے ATS کی چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ میں کارروائی، تین افراد گرفتار اور۔۔۔ ☆ خواتین کے ٹی ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ مقابلوں میں آج بھارت اور پاکستان کا میچ۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****